© rasailojaraid.com



تصانیف: ۱۔ شمس العرفان ۔ مطبوعہ ۔ ۲۔ خیر التعلیقات علی المشکوٰۃ۔ ( غیر مطبوعہ )

**مولانا قاضی مقدار الدین شاکر پشاوری** آپ ۱۹۲۲ء کو البصار الدین صاحب کے گھر زیارت کاکا صاحب ضلع پشاور میں پیدا ہوئے ۔ ابتدائی تعلیم اپنے قصبہ میں حاصل کرنے کے بعد ۲۰ شوال ۱۳۵۶ھ کو دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا ۔ ۱۹۶۲ء میں حضرۃ مولانا سید حسین احمد مدنیؒ سے دورۂ حدیث پڑھ کر سند حاصل کی ۔ ۱۹۴۴ء میں پنجاب یونیورسٹی سے مولوی فاضل کا امتحان پاس کیا ۔ اب سنہری مسجد پشاور صدر کے خطیب ہیں ۔

تصانیف: ۱۔ الکامل للمبرد کی شرح مع اردو ترجمہ "کافل النھب" کے نام سے ۲۰۰ صفحات میں شائع ہو چکی ہے ۔ ۲۔ برہان اسلام ۴۰۰ صفحات ۔ بار اول جالندھر بار دوم میسرز کریم بخش انارکلی لاہور ۔

۳۔ سفر نامہ حجاز ــــ ( زیر طبع ) ۴۔ ہماری اردو برائے جماعت ششم ۔

۵۔ تسہیل الفرقان ( قاعدہ ) ۔ ایک کے سوا سب مطبوعہ ہیں ۔

---

## فضلاء دارالعلوم دیوبند

سے

## ایک ضروری التماس

دارالعلوم دیوبند کے قیام سے لیکر اب تک ہزارہا علماء و فضلاء وہاں سے فارغ التحصیل ہوئے ہیں ، دارالعلوم دیوبند نے آئندہ سال اپنی صد سالہ تقریب منعقد کرنے کا ارادہ کیا ہے جس میں تمام فضلاء دارالعلوم دیوبند کو مدعو کرنے کا پروگرام ہے ۔ اس سلسلے میں تمام فضلاء دارالعلوم دیوبند کے موجودہ پتوں کی ضرورت ہے ـــ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے پاکستان تشریف آوری کے موقع پر اس غرض کے لئے ایک کمیٹی قائم فرمائی ہے ـــ اس کمیٹی کی طرف سے تمام فضلاء دارالعلوم دیوبند سے ، خواہ وہ کہیں آباد ہوں اور کسی کام میں مشغول ہوں ، التماس ہے کہ وہ اپنے بارے میں مندرجہ ذیل تفصیلات ارسال فرمائیں ۔

پورا نام ـــ والد کا نام ۔ موجودہ پتہ

عمر موجودہ مشغلہ

کون سے سن میں دارالعلوم دیوبند سے فراغت پائی ۔ ؟

دارالعلوم دیوبند میں دورۂ حدیث کے سال کیا پتہ درج کرایا گیا تھا ۔ ؟

براہ الا کرام اتنے صاف اور واضح طریقے سے لکھ کر براہ کرم جلد از جلد مولانا محمد تقی عثمانی کورنگی کراچی ۱۴ کے پتہ پر ارسال فرمائیں ۔

داعی :۔ مفتی محمد شفیع صدر دارالعلوم کراچی ۱۴

محمد یوسف بنوری مہتمم مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن کراچی ۔



© rasailojaraid.com